## سوال

پارداع ساع مّتالیق

## جواب

دوسری بیوی کا بھائی پہلی بیوی کی بیٹیوں کا محرم نہیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک شخص کی دو بیٹیاں ہیں، اس نے دوسری شادی کرلی ہے، اب اس دوسری بیوی کا بھائی اس شخص کی ان دونوں بیٹیوں کا محرم ہوگا یا نہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! صورت مسولہ میں دوسری بیوی کا بھائی اس شخص کی پہلی بیوی سے موجود بیٹیوں کا محرم نہیں بن سکتا ہے، کیونکہ وہ قرآن مجید میں مذکور محرم رشتہ داروں میں سے نہیں ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث